سیشن نمبر5:

بہترین لاگت نکالیں(Do Effective Costing)

سیشن کے مقاصد وموضوعات(Objectives and Topics)

موضوعات	مقاصد
▪ ذاتی کاروباری صلاحیتیں ▪ کاروباری مہارتیں	اس سیشن میں آپ: ▪ لاگت اور قیمت کے تصور کی وضاحت کر سکیں گے۔ ▪ اثاثوں یا سامان کی گھسائی نکال کر لاگت معلوم کر سکیں گے۔

مشق:رشید کا کاروبار(ہر درست جواب کے 5 نمبر اور کل 10 نمبر)

رشید الیکٹریشن کا کام کرتا ہے۔رشید کو ایک 10 مرلے کے پلازے کی 3 منزلوں کا الیکٹریشن کا کام ملا۔رشید نے سوچا کہ اگر وہ 2 اور کاریگر بھی ساتھ رکھ لے تو وہ یہ کام ایک ہفتے میں ختم کر سکتا ہے۔اس کام کیلئے اس نے مندرجہ ذیل اشیاء خریدیں:

کل قیمت	قیمت فی یونٹ	تعداد	اشیاء کا نام
6000روپے	20روپے	300میٹر	تاریں
6000روپے	200روپے	30	بورڈ
2880روپے	120روپے	24	بلب
18000روپے	2000روپے	9	پنکھے

اس کے دیگر اخراجات مندرجہ ذیل ہیں:

8400روپے	اپنی مزدوری
8400روپے	2کاریگر کی مزدوری

آمدورفت کاکرایہ	1400روپے
کھانااورچائے	3500روپے

رشید اپنی لاگت میں 10 فیصد منافع رکھنا چاہتا ہے اس طرح پتہ چلے گا کہ وہ گاہک کو کل قیمت کیا بتائے۔

پہلاسوال: تمام اخراجات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بتائیں کہ رشید کی کل لاگت کتنی ہو گی؟

خام مال یاسامان	+	مزدوری	+	دیگر اخراجات	=	کل لاگت

دوسرا سوال: اس کام کیلئے رشید کی کل لاگت میں 10 فیصد منافع جمع کر کے بتائیں کہ وہ اس کام کی کل قیمت کیا رکھے؟

کل لاگت	+	منافع	=	قیمت

مشق کادرست جواب یاKey:

پہلاسوال: تمام اخراجات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بتائیں کہ رشید کی کل لاگت کتنی ہو گی؟

خام مال یاسامان	+	مزدوری	+	دیگر اخراجات	=	کل لاگت
32,880		16,800		4,900		54,580

دوسرا سوال: اس کام کیلئے رشید کی کل لاگت میں 10 فیصد منافع جمع کر کے بتائیں کہ وہ اس کام کی کل قیمت کیا رکھے؟

کل لاگت	+	منافع	=	قیمت
54,580		5,458		60,038

کوئز:(ہر درست جواب کا 1 نمبر کل 4 نمبر)

آپ کا جواب	سوال
☐ گھریلو اخراجات ☐ خام مال یا سامان ☐ مزدوری	1. کل لاگت میں کون کون سے خرچے شامل ہوتے ہیں؟
☐ درست ☐ غلط	2. کاروباری اگر چاہے تو اپنی مزدوری یا تنخواہ شامل کرے ورنہ ضروری نہیں؟
☐ درست ☐ غلط	3. گھسائی سے مراد وہ رقم کی صورت میں کسی بھی اثاثے وہ قدر ہے جو وقت کے ساتھ اسکے استعمال پر کم ہوتی ہے۔
☐ اپنی مرضی سے ☐ مارکیٹ کو دیکھ کر ☐ لاگت کی شرح فیصد	4. منافع طے کرنے کے طریقے یہ ہیں؟

کوئز کا درست جواب یا Key:

درست جواب	سوال
☐ خام مال یا سامان ☐ مزدوری	1. کل لاگت میں کون کون سے خرچے شامل ہوتے ہیں؟
☐ غلط	2. کاروباری اگر چاہے تو اپنی مزدوری یا تنخواہ شامل کرے ورنہ ضروری نہیں؟
☐ درست	3. گھسائی سے مراد وہ رقم کی صورت میں کسی بھی اثاثے وہ قدر ہے جو وقت کے ساتھ اسکے استعمال پر کم ہوتی ہے۔
☐ مارکیٹ کو دیکھ کر ☐ لاگت کی شرح فیصد	4. منافع طے کرنے کے طریقے یہ ہیں؟